سوال

اگر کوئی امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شامل ہو تو کیا وہ امام کے تشہد سے اٹھنے کے بعد رفع الیدین کرے گا یا اپنی تیسری رکعت کے لیے اٹھتے وقت رفع الیدین کرے گا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ تکبیر تحریمہ کے وقت، رکوع جاتے ہوئے، رکوع سے اٹھ کر اور جب تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہوتے تو رفع الیدین کرتے۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ہے:

كَانَ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا رَكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَفَعَ يَدَيْهِ، وَإِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ (صحيح البخاري، كِتَابُ الأَذَانِ: 739)

جب (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) نماز شروع کرتے تو اللہ أکبر کہتے اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے۔ جب رکوع کرتے تب بھی اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے۔ اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو بھی اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جب دو رکعت ادا کر کے کھڑے ہوتے تو بھی اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے۔

1. وہ شخص جو امام کے ساتھ دوسری، تیسری یا چوتھی رکعت میں شامل ہوتا ہے، جو نماز وہ امام کے ساتھ ادا کرتا ہے وہ اس کی نماز کا ابتدائی حصہ ہوتا ہے۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد وہ اپنی بقیہ نماز مکمل کرے گا۔

سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا (صحيح البخاري، الأذان: 635، صحيح مسلم، المساجد ومواضع الصلاة: 602)

جس قدر نماز ملے پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے (بعد میں) پورا کر لو۔

2. اگر مقتدی نے امام کے ساتھ دو رکعتیں ادا کی ہیں اور وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد تیسری رکعت کیلئے کھڑا ہوگا تو وہ رفع الیدین کرے گا کیونکہ یہ مذکورہ بالا ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کے مطابق رفع الیدین کرنے کی جگہ ہے۔

2. اس کے علاوہ صورتوں میں اہل علم کی رفع الیدین کرنے کے بارے میں مختلف آراء ہیں، جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ پہلے تشہد سے تیسری رکعت کیلئے کھڑے ہونے کے بعد رفع الیدین کرنے کا سبب کیا ہے؟ کچھ علماء کرام کے ہاں اس کا سبب تیسری رکعت کیلئے کھڑے ہونا ہے، لہذا ان کے مطابق رفع الیدین اسی وقت ہوگا جب انسان اپنی تیسری رکعت کیلئے کھڑا ہوگا۔ جبکہ بعض دیگر علماء کا خیال ہے کہ تشہد سے قیام کیلئے کھڑے ہونا اس کا سبب ہے، تو ان کے مطابق انسان تیسری رکعت کیلئے کھڑا ہو یا نہ ہو، جب بھی تشہد سے کھڑا ہوگا تو رفع الیدین کرے گا۔ یہ رائے زیادہ قوی محسوس ہوتی ہے، لہذا جب انسان امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شامل ہو تو وہ امام کے پہلے تشہد سے اٹھنے کے بعد رفع الیدین کرے گا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد

فضیلۃ الشیخ عبدالحلیم بن محمد بلال